
سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# قرآن کریم

## سمجھ کر پڑھنا

29 جنوری 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **علم میں اضافے کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

## قرآن کریم سمجھ کر پڑھنا

### دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم:** جو مجھ پر ایک بار دُرُودِ پاک پڑھے اللہ پاک اس پر 10 رحمتیں نازل فرماتا ہے، 10 گناہ مٹاتا ہے اور 10 دَرَجات بُلند فرماتا ہے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

### نیک عمل نمبر 6

**پیارے اسلامی بھائیو!** اللہ پاک کے فضل سے امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ہمیں سوالات کی صورت میں **نیک اعمال** کا رسالہ عطا فرمایا ہے تاکہ ہم ان سوالات کے ذریعے اپنا جائزہ لیں اور علم و عمل میں بہتری پیدا کر سکیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر 6:** کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر 6:** کیا آج آپ نے کنز الایمان مع خزائن العرفان یا نور العرفان سے کم از کم تین آیات ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھیں یا سنیں؟ یا صِراطُ الجِنان سے کم و بیش 2 صفحات (***Pages***) پڑھ یا سن لئے؟[2]

---

1 ... نسائی، کتاب السہو، باب الفضل فی الصلاۃ علی النبی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم، صفحہ: 222، حدیث: 1294۔

2 ... نیک اعمال، صفحہ: 2۔

## آیت مبارکہ

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ مُبٰرَكٌ لِّیَدَّبَّرُوْۤا اٰیٰتِهٖ وَ لِیَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ(۲۹)

(پارہ:23،سورۂ صٓ:29)

**ترجمۂ کنزالعرفان:** (یہ قرآن) ایک برکت والی کتاب ہے جو ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور عقلمند نصیحت حاصل کریں۔

❁ معلوم ہوا! سارے کا سارا قرآن کریم بہت زیادہ برکتوں والا ہے اور اس کو نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جو کچھ اس میں بیان کیا گیا ہے اس کو سمجھ کر پڑھا جائے اور اس پر عمل کیا جائے۔[1]

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

❁ قرآن کریم سے ایک آیت سیکھنا 100 رکعتیں پڑھنے سے بہتر ہے[2] ❁ ایک حدیث پاک میں ہے: روزانہ قرآن کریم کی 2 آیتیں سیکھنا 2 اونٹنیوں سے بہتر، 3 آیتیں سیکھنا 3 اونٹنیوں سے بہتر، 4 آیتیں سیکھنا 4 نٹنیوں سے بہتر اور اسی قدر اونٹوں سے بہتر۔[3]

## قرآن کریم سمجھنے کے متعلق احکام

(1): قرآن کریم پر اجمالی ایمان لانا فَرضِ عین ہے،[4] جبکہ اس پر تفصیلی ایمان رکھنا فَرضِ کِفایہ ہے۔[5] **اجمالی ایمان کسے کہتے ہیں:** قرآن کریم کو کلامِ اِلٰہی ماننا اور جو کچھ اس میں موجود ہے اس کو حق و سچ مان کر کسی ایک حرف یا حرکت (زبر، زیر پیش) کا بھی انکار نہ کرنا **اِجمالی اِیمان** ہے۔[6] **تفصیلی ایمان کسے کہتے ہیں:** قرآن کریم میں جو کچھ ہے اسے تفصیل سے جاننا **تفصیلی اِیمان** کہلاتا ہے یعنی اس میں موجود احکامات

---

1... تفسیر نسفی، پارہ:23، سورۃ صٓ، تحت الآیۃ:29، جلد:3، صفحہ:153، بتغیر قلیل۔
2... سنن ابن ماجہ، کتاب السنہ، باب فضل تعلم القرآن، صفحہ:48، حدیث:219، بتغیر قلیل۔
3... مسلم، کتاب صلاۃ المسافرین، باب فضل قراءۃ القرآن فی الصلاۃ وتعلمہ، صفحہ:290، حدیث:803، ملخصًا۔
4... فتاویٰ شارح بخاری، جلد:1، صفحہ:632۔
5... تفسیر نعیمی، پارہ:1، سورۃ البقرہ، تحت الآیۃ:4، جلد:1، صفحہ:143، ملخصًا۔
6... فتاویٰ اہلسنت، فتویٰ نمبر: WAT-4321۔

(جن کاموں کو کرنے کا حکم دیا گیا)، مَنْہِیات (جن سے منع کیا گیا ہے) اور اس کی آیات کا معنیٰ و مفہوم جاننا **تفصیلی اِیمان** ہے، اور یہ فرض کفایہ ہے، اگر چند لوگوں نے حاصل کر لیا تو سب برئ الزمہ ہو جائیں گے۔[1]

## قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے کے فائدے

❁ **قرآن کریم کی ایک آیت سمجھ کر پڑھنا** 100 رکعت نماز پڑھنے سے افضل ہے[2] ❁ **قرآن کریم کی ایک آیت سمجھ کر پڑھنا** بغیر سمجھے پورا قرآن پڑھنے سے افضل ہے[3] ❁ **قرآن کریم کو سمجھ کر پڑھنے والوں** پر سکون اطمینان نازل ہوتا ہے ❁ **قرآن کریم کو سمجھ کر پڑھنے والوں** کو رحمت ڈھانپ لیتی ہے ❁ **قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے والوں** کو فرشتے گھیر لیتے ہیں ❁ اللہ پاک **قرآن کو سمجھ کر پڑھنے والوں** کا ذکر فرشتوں میں فرماتا ہے۔[4] ❁ **قرآن کریم سمجھ کر پڑھنا** علم حاصل کرنے کا بہت بڑا ذریعہ (***Sourec***) ہے۔ اور ❁ **علم دین حاصل کرنا** دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سب سے بہتر ہے ❁ **علم حاصل کرنا** گزشتہ (***Previous***) گناہوں کا کفارہ ہے[5] ❁ جو علم حاصل کرنے کے لیے چلتا ہے اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیا جاتا ہے ❁ تھوڑا علم حاصل کرنا زیادہ عبادت کرنے سے افضل ہے۔[6]

## قرآن کریم سے دوری کے نقصانات

❁ قرآن کریم سے دوری بہت بڑے فضل سے محرومی (***Deprivation***) کا سبب ہے ❁ قرآن سے منہ پھیرنے والے کو روزِ قیامت اندھا اُٹھایا جائے گا۔[7] ❁ جو دِل قرآن سے معمور نہ ہو، شیطان اسے

---

1 ... وقار الفتاوی، جلد:2، صفحہ:57، ماخوذاً۔
2 ... سنن ابن ماجہ، کتاب السنہ، باب فضل تعلم القرآن، صفحہ:48، حدیث:219، بتغیر قلیل۔
3 ... احیاء العلوم، جلد:4، صفحہ:521۔
4 ... مسلم، کتاب العلم، باب اجتماع علی تلاوۃ القرآن، صفحہ:1039، حدیث:2699، ملخصًا۔
5 ... مشکاۃ المصابیح، کتاب العلم، فصل الثانی، جلد:1، صفحہ:23-24، حدیث:221۔
6 ... مشکاۃ المصابیح، کتاب العلم، فصل الثانی، جلد:1، صفحہ:68، حدیث:221، ملخصًا۔
7 ... تفسیر صراط الجنان، پارہ:16، سورۃ طٰہٰ، تحت الآیۃ:124، جلد:6، صفحہ:261، ملخصًا۔

ٹھکانا(*Abode*)بناتا ہے(حدیث پاک میں ہے: جس دِل میں قرآن نہیں، وہ ویران گھر کی مانند ہے۔[1]) ❁ قرآن سے دُوری ایمان کمزور کرتی ہے ❁ قرآن سے دُوری تَنزُّلی اور پستی(*Demotion*)کا سبب ہے۔

## قرآن کریم سمجھنے کے طریقے

❁ بعدِ فجر تفسیر سننے سنانے کے حلقوں میں شرکت کیجئے! جس میں 3 آیات ترجمہ و تفسیر کا درس دیا جاتا ہے ❁ قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے اور عِلم دین حاصل کرنے کے فضائل و فوائد پیشِ نظر رکھئے ❁ تفسیر صراطُ الْجنان، تفسیرِ تعلیمُ القرآن، خزائنُ العِرفان یا نورُ لعِرفان کا مطالعہ کیجئے ❁ درس نظامی میں داخلہ لے لیجئے ❁ مدنی چینل دیکھئے کہ مدنی چینل پر قرآن کریم سمجھانے کے متعلق مختلف(*Variouse*)سلسلے چلائے جاتے ہیں۔

پیارے اسلامی بھائیو! آج ہم نے نیک عمل نمبر 6: کے مطابق **قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے کہ روزنہ کم از کم 3 آیات ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھا کریں گے۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم !

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہُ علیہِ وآلہٖ وسلّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### علم میں اضافے کی دُعا

رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

**ترجمہ:** اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔[2]

---

1 ... سنن ترمذی، کتاب فضائل، باب:18، صفحہ:677، حدیث:2913۔
2 ... پارہ:16، سورۂ طٰہٰ، آیت:114، مدنی پنج سورۃ، صفحہ:218۔

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ المُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الِاخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃُ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃُ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوَّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسمِ اللہ پڑھی؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسراف سے بچے؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52): زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53): فضول باتوں سے بچے؟ (54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55): عمامہ

شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁لکھ کر گفتگو12 مرتبہ ❁اشارے سے گفتگو12 مرتبہ ❁نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟